© rasailojaraid.com

ان پر اصرار کرنے کے معنی اس کے سوا اور کیا ہیں کہ آپ ان ملکوں کو زبردستی دھکیل دھکیل کر روس کی گود میں پھینکنا چاہتے ہیں۔ جس رفتار سے ان ملکوں میں کمیونزم کا زور بڑھ رہا ہے اسے دیکھتے ہوئے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ جب تک امریکہ اور انگلستان کی ظالمانہ پالیسی نہ بدلے گی مسلمانوں کی کمیونزم سے طبعی بیزاری اور مسلم ممالک کی اسلامی تحریکات کے باوجود اس سیلاب کو نہ روکا جاسکے گا۔ پس یہ وقت ہے کہ امریکہ اور انگلستان ہوش میں آئیں اور اپنا رویہ بدلیں۔ حکومت پاکستان سے ہم یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ ان دونوں سلطنتوں کو اُن کی موجودہ پالیسی کے خطرناک نتائج پر صاف صاف متنبہ کردے اور انہیں اس سے باز آنے کا مشورہ دے۔ ہمارے محکمہ خارجہ کو انہیں سمجھانا چاہیے کہ تم اب زیادہ مدت تک مسلم ممالک کے سینے پر مونگ نہیں دل سکتے۔ اب تمہیں دو راستوں میں سے ایک کو لامحالہ انتخاب کرنا ہوگا۔ ایک راستہ یہ ہے کہ تم ان ملکوں کو راضی اور مطمئن کر کے ان کا دوستانہ تعاون حاصل کرو۔ دوسرا راستہ یہ ہے کہ ان کو تنگ کر کر کے کمیونزم اور روس کی طرف دھکیل دو۔ تم خود ہی موازنہ کر کے دیکھ لو کہ ان دونوں میں سے کونسا راستہ تمہارے لئے بہتر ہے۔

مسلم ممالک کے سلسلے میں ایک اور بات بھی ہے جس کے متعلق میں جماعت اسلامی کے نقطۂ نظر کو واضح کر دینا چاہتا ہوں۔ خدا کے فضل سے اس وقت ان ملکوں میں متعدد ایسی تحریکیں چل رہی ہیں جن کا مقصد اسلام کا احیاء اور اسلامی نظامِ زندگی کی تجدید و ترویج ہے۔ ہم ایسی تمام تحریکات سے دلی ہمدردی رکھتے ہیں، سچے دل سے ان کی کامیابی کے خواہشمند ہیں، اور ہر اس تعاون کے لئے تیار ہیں جو ہمارے اور ان کے لئے ممکن ہو۔ اسی طرح ہم ان سے بھی یہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے راستے میں وہ ہمارے ہمدرد اور مددگار بنیں۔ بخلاف اس کے ان ملکوں میں جتنی تحریکیں قوم پرستی پر مبنی ہیں، یا جن کا مقصد مغربی افکار و اطوار اور غیر اسلامی تہذیب و تمدن کو فروغ دینا ہے، ہم ان کے اسی طرح مخالف ہیں جس طرح خود اپنے ملک کی ایسی تحریکات کے مخالف ہیں۔

**روس اور اینگلو امریکن بلاک**

خارجی مسائل میں دوسری اہم چیز جو ہمارے لئے اور ساری دنیا

© rasailojaraid.com